http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارض وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر علی منصور

جلد : 22 | 24 جمادی الاول 1446ھ بدھ 27 نومبر 2024ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 264

جو رنا ہے کر لو موقف سے پیچھے نہیں ہٹوں گا، عمران خان

اسلام آباد پولیس کا آپریشن علی امین، بشریٰ بی بی گاڑی میں بیٹھ کر فرار

500 سے زائد کارکن گرفتار

پولیس کی جانب سے کریک ڈاون کے بعد بشریٰ بی بی اور علی امین گنڈاپور ڈی چوک ایریا سے فرار ہوئے تھے، دونوں ڈی چوک ایریا سے ایک ہی گاڑی میں فرار ہوئے، ذرائع

راولپنڈی (نیوز رپورٹ) سابق وزیر اعظم اور پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کا کہنا ہے کہ جب تک ان کے مطالبات پورے نہیں ہوتے وہ کسی صورت پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ عمران خان نے ایکس اکاونٹ سے جاری بیان میں انھوں نے اپنی ٹیم کو پیغام دیا ہے کہ وہ آخری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

اسلام آباد بھر کی مارکیٹیں بند کرنے کے احکامات جاری، بلیو ایریا کی بجلی بند

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں انتظامیہ نے مارکیٹیں کرفائی شروع کر دی ہیں جبکہ ریڈزون (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

پاک فوج نے ریڈ زون میں پارلیمنٹ ہاؤس سمیت ڈی چوک کا کنٹرول سنبھال لیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) پاک فوج نے ریڈزون میں پارلیمنٹ ہاس سمیت اہم سرکاری عمارتوں اور ڈی چوک کا کنٹرول سنبھال لیا ہے۔ پاک فوج کی تعیناتی آئین کے آرٹیکل 245 کے تحت کی گئی ہے۔ فوج کی طلبی رینجرز اہلکاروں پر گولی چلی جس سے 3 اہلکاروں کو شہید اور 3 کو شدید زخمی کرنے کے بعد کی گئی۔ احتجاج کی آڑ میں پرتشدد کارروائیوں میں پولیس اور رینجرز اہلکاروں کی شہادت سمیت سرکاری املاک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

شمالی وزیرستان میں خوارجی دہشتگردوں کی دراندازی ناکام بنانے پر اعلیٰ قیادت کا سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین

شہید رینجرز اہلکاروں کی نماز جنازہ، آرمی چیف اور وزیر اعظم کی شرکت

شہید نائیک محمد رمضان اور سپاہی کفام خان شہید کی نماز جنازہ چکلالہ میں ادا کی گئی، شہباز شریف، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اور وزیر داخلہ محسن نقوی سمیت وفاقی وزراء نے بھی نماز جنازہ میں شرکت کی، شہداء کے جسد خاکی ان کے آبائی علاقوں کو روانہ کر دیے گئے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (نیوز رپورٹ) گزشتہ روز اسلام آباد میں احتجاج کے دوران شہید ہونے والے رینجرز اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق گزشتہ روز احتجاج کے دوران شہید ہونے والے رینجرز اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کی گئی جس میں چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر بھی شریک تھے۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ شہید نائیک محمد رمضان اور سپاہی کفام خان شہید کی نماز جنازہ چکلالہ میں ادا کی گئی۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے واصل کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پاک افغان سرحد پر خاری دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 3 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کا کہنا ہے کہ 25 اور 26 نومبر کی رات سیکورٹی فورسز نے خوارج کے گروہ کی جانب سے دراندازی کی کوشش ناکام بنادی گئی ہے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ سیکورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے 3 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کا کہنا ہے کہ 25 اور 26 نومبر کی رات سیکورٹی فورسز نے خوارج کے گروہ کی جانب سے دراندازی کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

راولپنڈی: شرپسندوں کے حملے میں شہید رینجرز کے جنازوں کی نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے، دوسری جانب آخری دیدار

اسلام آباد: وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف اور بیلاروسی صدر الیگزینڈر لوکاشینکو معاہدوں پر دستخط کر رہے ہیں

پاک افغان سرحد پر خارجی دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش ناکام

3 دہشتگرد جہنم واصل

25 اور 26 نومبر کی رات سیکورٹی فورسز نے خوارج کے گروہ کی جانب سے دراندازی کی کوشش کو ناکام بنایا ہے، خوارج کا گروہ شمالی وزیرستان میں

پاک افغان انٹرنیشنل بارڈر پار کرنے کی کوشش کر رہا تھا، پاکستان افغان عبوری حکومت سے مسلسل بارڈر مینجمنٹ کا تقاضا کرتا چلا آیا ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (نیوز رپورٹ) سیکورٹی فورسز نے پاک افغان سرحد پر خاری دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 3 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پاک افغان سرحد پر خاری دہشت گردوں کی جانب سے دراندازی کی کوشش ناکام بنادی گئی ہے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ سیکورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے 3 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کا کہنا ہے کہ 25 اور 26 نومبر کی رات سیکورٹی فورسز نے خوارج کے گروہ کی جانب سے دراندازی کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

سپریم کورٹ نے پانامہ اسکینڈل سے متعلق جماعت اسلامی کی درخواست نمٹا دی

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) سپریم کورٹ آف پاکستان کے آئینی بینچ نے پانامہ اسکینڈل معاملے پر جماعت اسلامی کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

قیام امن کیلئے موجودہ پولیس اور سیکیورٹی فورسز کو نشانہ بنانا کھلی دہشتگردی ہے، بلاول بھٹو

حکومت سندھ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ یکجہتی کے ساتھ کھڑی ہے، اس وحشیانہ فعل کے ذمہ داروں کو پوری قوت سے انصاف کا سامنا کرنا پڑے گا، قوم میں تشدد اور افراتفری کی کوئی گنجائش نہیں، شرجیل انعام میمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو نے کہا کہ ان دہاں کے قیام کے لیے موجود پولیس اور سیکیورٹی فورسز کو نشانہ بنانا کھلی دہشتگردی ہے، اسلام آباد میں رینجرز اور پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پاک افغان انٹرنیشنل بارڈر پار کرنے کی کوشش کر رہا تھا، پاکستان افغان عبوری حکومت سے مسلسل بارڈر مینجمنٹ کا تقاضا کرتا چلا آیا ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (نیوز رپورٹ) گزشتہ روز اسلام آباد میں احتجاج کے دوران شہید ہونے والے رینجرز اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پاک افغان انٹرنیشنل بارڈر پار کرنے کی کوشش کر رہا تھا، پاکستان افغان عبوری حکومت سے مسلسل بارڈر مینجمنٹ کا تقاضا کرتا چلا آیا ہے، آئی ایس پی آر

بیلاروس کے صدر کی وزیر اعظم ہاؤس آمد، پرتپاک استقبال، گارڈ آف آنر پیش

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) بیلا روس کے صدر الیگزانڈر لوکاشینکو کی وزیر اعظم ہاس آمد ہوئی، جہاں وزیر اعظم شہباز شریف نے ان کا گرم جوشی سے استقبال کیا اور انہیں گارڈ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

رینجرز اہلکاروں پر شرپسندوں کے حملے کی سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آگئی

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) اہلکاروں پر شرپسندوں کے حملے کی سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آگئی ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق شرپسندوں کی تیز رفتار گاڑی نے نام نہاد احتجاج کی آڑ میں اسلام آباد میں ڈیوٹی پر مامور رینجرز اہلکاروں کو کچل ڈالا، افسوسناک واقعہ 26 نومبر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

صائم ایوب کی تیز رفتار سنچری، پاکستان کی زمبابوے کو 10 وکٹوں سے شکست

بلاوائیو (اسپورٹس نیوز) سیریز کے دوسرے ون ڈے میچ میں پاکستان نے زمبابوے کو 10 وکٹوں سے شکست دے دی۔ بلاوائیو میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے 146 رنز کا ہدف 18.1 اوورز میں بغیر کسی نقصان کے حاصل کر لیا۔ صائم ایوب نے دھواں دھار بیٹنگ کرتے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)



پی ٹی آئی کے کارکنان کا پرتشدد کارروائیوں کا اعتراف

پاکستان تحریک انصاف کے کارکنان نے پرتشدد کارروائیوں کا اعتراف کر لیا۔ نام نہاد احتجاج کے نام پر پی ٹی آئی کارکنان کی پرتشدد کارروائیاں جاری ہیں، پی ٹی آئی کارکنان کی جانب سے پرتشدد کارروائیوں کا اعتراف کیا گیا ہے۔ ویڈیو کے مطابق پی ٹی آئی کارکنان پولیس پر حملوں کا اعتراف کر رہے ہیں، پی ٹی آئی کارکنان سرکاری سامان چھیننے کا بھی اعتراف کر رہے ہیں۔ پرتشدد کارروائیوں کی متعدد ویڈیوز نے نام نہاد پرامن احتجاج کی حقیقت واضح کر دی۔ دوسری جانب رینجرز اہلکاروں پر شرپسندوں کے حملے کی سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آگئی ہے۔

سیکیورٹی ذرائع کے مطابق شرپسندوں کی تیز رفتار گاڑی نے نام نہاد احتجاج کی آڑ میں اسلام آباد میں ڈیوٹی پر مامور رینجرز اہلکاروں کو کچل ڈالا، افسوسناک واقعہ 26 نومبر 2024 کی رات 2 بجکر 44 منٹ پر رونما ہوا۔ سی سی ٹی وی فوٹیج میں واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے کہ شرپسندوں کی تیز رفتار گاڑی درخت کے عقب سے آتے ہوئے رینجرز اہلکاروں کو کچلتے ہوئے آگے نکل گئی۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ اس افسوسناک واقع میں رینجرز کے تین اہلکار شہید ہو گئے اور تین شدید زخمی ہوئے، واقعہ اس وقت پیش آیا جب رینجرز جوان ناکہ پر تعینات ہو رہے تھے۔

یہ واقعہ بھی شرپسندوں کی منظم اور سوچی سمجھی حکمت عملی کے تحت کیا گیا، جسکو سی سی ٹی وی فوٹیج میں واضح دیکھا جا سکتا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ سوشل میڈیا پر واقع کو حقائق کے برعکس توڑ مروڑ کر جھوٹا پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے، اس سے قبل بھی پرتشدد مظاہرین کی متعدد ویڈیوز منظر عام پر آ چکی ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ سی سی ٹی وی فوٹیجز کے ذریعے شرپسندوں کی شناخت کا عمل جاری ہے، واقع میں ملوث شرپسندوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لا کر قرار واقعی سزا دی جائے گی۔

PTI کو اپنی سیاست سے پہلے پاکستان کا سوچنا چاہئے

خالد مقبول صدیقی

پاکستان اس وقت کسی نوعیت کے انتشار کا متحمل نہیں ہوسکتا، پی ٹی آئی کے رہنما ذمہ داری کا مظاہرہ کریں، پی ٹی آئی کو اپنے مفادات اور سیاست سے پہلے پاکستان کی بہتری کیلئے سوچنا چاہیے۔ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ پی ٹی آئی سمیت تمام سیاسی جماعتوں اور ہر شہری کو احتجاج کا حق حاصل ہے، لیکن حکومت کی رٹ کو چیلنج کرنا جرم ذمہ دارانہ عمل ہے جو سی سی محبت وطن سیاسی جماعت کو زیب نہیں دیتا۔ خالد مقبول نے کہا کہ پی ٹی آئی کے رہنما یہ یاد رکھیں کہ عدالتیں تو تبدیل ہوتی رہتی ہیں ان کے خلاف قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے احتجاج کیا جا سکتا ہے لیکن پاکستان کے خلاف اٹھایا جانے والا ایک قدم بھی کوئی پاکستانی ہرگز برداشت نہیں کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری اہلکاروں کی شہادت جیسے افسوسناک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

پہلے پاکستان کی بہتری کیلئے سوچنا چاہئے، پی ٹی آئی سمیت تمام سیاسی جماعتوں اور ہر شہری کو احتجاج کا حق حاصل ہے، چیئرمین ایم کیو ایم

کسی شرپسند کے ساتھ کوئی نرمی نہ برتی جائے، آئی جی اسلام آباد

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) انسپکٹر جنرل (آئی جی) اسلام آباد عامل ناصر رضوی نے کہا کہ پالیکیوٹ کے حکم پر ہر صورت میں عمل کروایا جائے گا۔ آئی جی اسلام آباد نے پولیس افسران اور اہلکاروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شرپسندوں سے اسلام آباد کو فوری خالی کروانا ہے۔ انھوں نے پولیس افسران اور اہلکاروں کا حوصلہ بلند کرتے ہوئے مزید کہا کہ کسی شرپسند کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

فسادی جڑ صرف ایک خفیہ ہاتھ ہے PTI خون خرابہ نہیں چاہتی، وزیر داخلہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ فسادی جڑ صرف ایک خفیہ ہاتھ ہے پی ٹی آئی کی لیڈرشپ خون خرابہ نہیں چاہتی بلکہ مذاکرات چاہتی تھی مگر وہ خفیہ ہاتھ سب پر بھاری ہے مجھے نہیں پتا اس نے پارٹی کو کب تک اور کرنا ہے اس کے ارادے کچھ اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

کے ایم سی میں گھوسٹ ملازمین کی نشاندہی کے لئے تحقیقاتی کمیٹی قائم کرنے کی ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن (کے ایم سی) میں گھوسٹ ملازمین کی نشاندہی کے لیے چیف سیکریٹری سندھ کو تحقیقاتی کمیٹی قائم کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔ کے ایم سی کے 12 ہزار سے زائد ملازمین کی حاضری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

مکہ مکرمہ میں موسلا دھار بارش اسکول بند

مکہ مکرمہ (نیٹزنگ ڈیسک) مکہ کرمہ اور اردگرد کے دیگر علاقوں میں ابر رحمت برسنے سے موسم خوشگوار ہوگیا۔عرب میڈیا کے مطابق سعودی عرب کے متعدد شہروں میں بارش (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 50)

پاکستان نیوی وار کالج لاہور میں ساتویں میری ٹائم سیکیورٹی ورکشاپ

ورکشاپ کا مقصد بحر ہند میں میری ٹائم سیکیورٹی اور جیو پولیٹیکل صورتحال کے بارے میں آگاہی کا فروغ، بلیوا کانومی کے بارے میں شعور اجاگر کرنا اور پاکستان کے میری ٹائم وسائل کو بروئے کار لانے کے لیے لائحہ عمل مرتب کرنے میں معاونت ہے، ترجمان پاک بحریہ

کراچی (رپورٹ حمزہ منصور) ساتویں میری ٹائم سیکیورٹی ورکشاپ (MARSEW-7) کا آغاز | پاکستان نیوی وار کالج لاہور میں ہوا۔ کمانڈنٹ پاکستان نیوی وار کالج لاہور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

جو بائیڈن کا ٹرمپ کی تقریب حلف برداری میں شرکت کا فیصلہ

واشنگٹن (نیٹزنگ ڈیسک) امریکی صدر جو بائیڈن نو منتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

خواجہ اجمیر گرمی کا لونی میں گھر سے نوجوان لڑکی کی گلے میں پھندا لگی لاش برآمد

کراچی (رپورٹ) خواجہ اجمیر گرمی کا لونی میں گھر سے نوجوان لڑکی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

متوقع نفسیاتی مسائل کا شکار تھی جبکہ ابلٹا نہ واقعہ کو خودکشی بتا رہے ہیں، پولیس

ٹرانسپورٹرز کے حقوق نہ دیئے گئے تو پہیہ جام کریں گے، درانی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹرانسپورٹرز نے مسائل حل نہ ہونے پر پہیہ جام (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

لاہور: ریٹائرمیرل ظہیر محمود دیگر مترین 7ویں میری ٹائم سیکورٹی ورکشاپ سے خطاب کر رہے ہیں

عوام کی جان و مال کی حفاظت کی ذمہ داری پولیس پر عائد ہے

وزیر اعلیٰ سندھ

سندھ میں پولیس کی بھرتی خالصتاً میرٹ پر ہوتی ہے، ہم نے پولیس کو جدید آلات، اسلحہ اور اچھی تنخواہ سے مستحکم کیا ہے، صوبے میں امن امان کی بحالی میں پولیس کی بڑی قربانیاں ہیں، میری دعا ہے آپ اپنے کیریئر میں کامیاب ہوں، مراد علی شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ عوام کی جان و مال کی حفاظت کی ذمہ داری پولیس پر عائد ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ 51ویں ایشیا پیسیفک ٹریننگ پروگرام کے اختتامی کمانڈرکورس کے اے ایس پیز کی ملاقات ہوئی، بعد ملاقات اسٹڈی دورے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

رائیڈ بک کروا کر اسلحے کے زور پر چھینی گئی گاڑی جامشورو ٹول پلازہ سے برآمد

پولیس نے گزشتہ روز چھینی گئی گاڑی ٹریکر کی مدد سے گاڑی ڈھونڈ نکالی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آن لائن ایپ کے ذریعے رائیڈ بک کروا کر اسلحے کے زور پر چھینی گئی گاڑی جامشورو ٹول پلازہ سے برآمد کرلی گئی۔ چوری کی شب سائٹ سپر ہائی وے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

پی ایس ایکس 100 انڈیکس نئی بلند ترین سطح پر پہنچنے کے بعد نیچے آ گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پی ایس ایکس 100 انڈیکس کی بلند ترین سطح پر پہنچنے کے بعد نیچے آ گیا۔ کاروبار کے دوران 100 انڈیکس میں 1739 پوائنٹس کا اضافہ ہوا جس سے انڈیکس 99 ہزار 819 کی نئی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا۔تاہم کاروبار کے دوران ہی مارکیٹ میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

سندھ ہائیکورٹ کے جج کی آئینی درخواستوں کی سماعت سے معذرت

صوبائی حکومت یا وفاق یا ادارے کو کسی بھی کارروائی سے روکنے سے متعلق درخواستیں آئینی بینچ سنے گا، آپ جسٹس کے کے آغا سے اجازت لے لیں، سندھ ہائیکورٹ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آئینی بنچ کے قیام کے بعد سندھ ہائیکورٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

کراچی: مسلح ملزمان نے اسٹیل ٹاؤن سے غیر ملکی کمپنی کی ڈبل کیبن گاڑی چھین لی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اسٹیل ٹاؤن سے گاڑی میں سوار 4 ملزمان مسلح ملزمان غیر ملکی کمپنی کی ڈبل کیبن گاڑی چھین کر فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق اسٹیل ٹاؤن تھانے کے علاقے بشکل ہائی وے پاکستان کاٹا کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

سیکورٹی اہلکاروں اور میڈیا پر حملوں کی مذمت کرتے ہیں، ترجمان سندھ حکومت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حکومت سندھ کی ترجمان سعدیہ جاوید نے اسلام آباد میں سیکورٹی اہلکاروں اور میڈیا پر ہونے والے حملوں کی مذمت کی ہے۔ سعدیہ جاوید نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ اسلام آباد میں شہید ہونے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

رہائیاں مظاہروں سے نہیں، عدالتوں سے ہوتی ہیں، گورنر سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران ٹیسوری کا پی ٹی آئی کے احتجاج پر کہا ہے کہ رہائیاں مظاہروں سے نہیں، عدالتوں سے ہوتی ہیں۔ لندن سے استقبال آمد پر صحافیوں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

عوامی جان و مال کی حفاظت کی ذمہ داری پولیس پر عائد ہے

وزیر اعلیٰ سندھ

سندھ میں پولیس کی بھرتی خالصتاً میرٹ پر ہوتی ہے، ہم نے پولیس کو جدید آلات، اسلحہ اور اچھی تنخواہ سے مستحکم کیا ہے، صوبے میں امن امان کی بحالی میں پولیس کی بڑی قربانیاں ہیں، میری دعا ہے آپ اپنے کیریئر میں کامیاب ہوں، مراد علی شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ عوام کی جان و مال کی حفاظت کی ذمہ داری پولیس پر عائد ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ 51ویں ایشیا پیسیفک ٹریننگ پروگرام کے اختتامی کمانڈرکورس کے اے ایس پیز کی ملاقات ہوئی، بعد ملاقات اسٹڈی دورے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

ملیر سے غیر ملکیوں کی گاڑی چھن گئی، ڈرائیور کہاں سے ملا؟

چھینی گئی گاڑی نجی مائننگ کمپنی کے زیر استعمال تھی ، پولیس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملیر اسکیم موڑ کے قریب سے غیر ملکیوں کی گاڑی چھین لی گئی، پولیس نے کہا ہے کہ گاڑی میں ڈرائیور سوار تھا، ملزمان نے اسے گلو ٹپ کے قریب چھوڑ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

کراچی میں موٹر سائیکلیں چھیننے میں ملوث میاں بیوی گرفتار

ملزمان ضلع شرقی اور کیماڑی کے علاقوں میں موٹر سائیکلیں چھینتے تھے، پولیس کو گرفتار کرلیا، اسپیریس نیوز کے مطابق سائٹ سپر ہائی وے پولیس نے موٹر سائیکل اسٹیشن سے ملوث میاں بیوی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے تفریح ملاقات کے موقع پر جاوید خیال کر رہے ہیں

جھگڑے کے دوران تیر دھار آلے کے وار سے ایک شخص ہلاک

جسٹیر روڈ سوپر اپارٹمنٹ کے قریب گھر میں فائرنگ کے واقعے میں ایک شخص زخمی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جسٹیر روڈ سوپر اپارٹمنٹ کے قریب گھر میں فائرنگ کے واقعے میں ایک شخص زخمی ہوگیا۔ ایک شخص ہلاک ہوگیا جس کی لاش ضلیطی کارروائی کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

کراچی: مسلح ملزمان نے اسٹیل ٹاؤن سے غیر ملکی کمپنی کی ڈبل کیبن گاڑی چھین لی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اسٹیل ٹاؤن سے گاڑی میں سوار 4 ملزمان مسلح ملزمان غیر ملکی کمپنی کی ڈبل کیبن گاڑی چھین کر فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق اسٹیل ٹاؤن تھانے کے علاقے بشکل ہائی وے پاکستان کاٹا کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

پی ٹی آئی کو اپنے مفادات سے پہلے پاکستان کیلئے سوچنا چاہیے، علی خورشید کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کے رہنما اور اپوزیشن لیڈر سندھ اسمبلی علی خورشید کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی اپنے مفادات اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

آئینی بینچ: پیپلز پارٹی سندھ میں پسندیدہ جج لانے میں کامیاب

آئینی ججوں کی نامزدگی میں سندھ ہائی کورٹ کے آٹھ سینئر ججوں کا نظر انداز کیا گیا ہے، آئینی ماہرین

سندھ اور وفاق کی حکومتیں ایسے ججوں کو منتخب کرنے میں کامیاب ہوئی ہیں جو ان کے خیال میں انکی کم سے کم مخالفت کرینگے، صلاح الدین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے آٹھ سینئر ججوں کا نظر انداز کیا گیا ہے۔ تجزیہ کار سرباہ جنسس کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

کالج میں تجربہ کرنے کے دوران دھماکے سے استاد اور طلبہ سمیت 4 زخمی

خیر پور (بیورو رپورٹ) خیر پور کے کالج میں تجربہ کرنے کے دوران زوردار دھماکے سے سائنس کے استاد اور طلبہ سمیت 4 زخمی ہوگئے۔ زخمی پروفیسر کو تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ کالج انتظامیہ کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ پروفیسر احمد جتوئی کیمسٹری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

کراچی: پولیس سے فائرنگ کے تبادلے میں 2 ڈاکو گرفتار

گرفتار ملزمان سے ایک پستول بموجود کرلیاں، چھینے گئے موبائل فونز، نقد رقم اور موٹر سائیکل برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) خوابہ اجمیر گرمی پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد 2 ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق خوابہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21) کے اسلحہ اور دیگر مسروقہ سامان برآمد کرلیا۔

لیاقت آباد، جمعیت اسپتال میں غلط انجکشن لگنے سے نوجوان جاں بحق، ورثاء کا احتجاج

انس علاج کی غرض سے اسپتال پہنچا، حالت غیر ہونے پر دوسرے اسپتال بھیجا گیا

علاقہ مکینوں کے احتجاج پر ڈاکٹر گرفتار، تاحال ایف آئی آر نہیں کاٹی گئی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے لیاقت آباد ون ایریا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

کراچی کے علاقے سرجانی ٹاؤن کے نام نہاد گوشوں میں قبضہ مافیا کا راج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سرجانی ٹاؤن کے نام نہاد گوشوں پر قبضہ مافیا نے اپنا راج قائم کرلیا۔ مقامی مکانات اپنے حق سے محروم کردیے گئے۔ ایک شخص اپنی زمین حاصل کرنے کیلئے جان کی بازی ہار گیا۔ قبضہ مافیا سرکاری یا نجی زمینوں پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

پی ٹی آئی احتجاج کی وجہ سے پیٹرولیم مصنوعات کے بحران کا خدشہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن نے پی ٹی آئی احتجاج اور راستوں کی بندش کی وجہ سے شدید خدشات کا اظہار کردیا۔ پیٹرولیم ڈیلرز (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

لاہور کے مختلف علاقوں سے پانچ نامعلوم افراد کی لاشیں ملیں

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور میں شہر کے پانچ نامعلوم افراد کی لاشیں ملی ہیں جن کی عمریں 30 سے 70 سال کے درمیان ہیں۔ پولیس کے مطابق فیکٹری ایریا ، جنرل اسپتال کے قریب 50 سالہ نامعلوم شخص فٹ پاتھ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

لاہور: پی ٹی آئی کے احتجاج کے باعث مختلف راستوں کی بندش کی وجہ سے شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں

اسرائیل کے لبنان غزہ اور شام میں مسلسل فضائی حملے 40 سے زائد شہید

اسرائیلی جارحیت سے غزہ اور لبنان کے بعد اب شام بھی محفوظ نہیں ہے۔ جہاں تازہ حملوں میں ام ازم 2 افراد شہید ہوگئے، غزہ میں یہ تعداد 11 اور لبنان میں 30 ہے، میڈیا رپورٹس

بجلی کی قیمت میں بچت کا امکان الیکٹرک صارفین محروم رہیں گے

سی پی پی اے جی نے ایف سی اے کی مد میں 1 روپے 1 پیسے فی یونٹ کمی کی درخواست جمع کروائی تھی، جس کا اطلاق ڈسکوز کے تمام صارفین ماسوائے لائف لائن، پری پیڈ صارف اور الیکٹرک وہیکل چارجنگ اسٹیشنز پر ہوگا، نیپرا اعلامیہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بجلی کی قیمت میں معمولی کمی کا امکان ہے، تاہم کراچی کے صارفین اس سے محروم رہیں گے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

سندھ میں امن و امان کی صورتحال پر آئی جی سندھ کے زیر صدارت اہم اجلاس میں بڑے فیصلے

کراچی (رپورٹ عامر صابر) آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے کہا ہے کہ بھوپل آئی سوفٹ ویئر میں ہر مسافر کے اندراج کو یقینی بنانے کے لیے ہوٹل مالکان کو پابند کیا جائے۔ آئی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

چیمپئینز ٹرافی، پی سی بی نے بائبرڈ ماڈل، بھاری معاوضے کی پیشکش کو ٹھکرا دیا

پاکستان کرکٹ بورڈ یا ہبرڈ ماڈل کے تحت میزبانی سے گریزاں ہے اور اصرار کیا جارہا ہے کہ بھارت کا گروپ میچ اور فائنل لاہور میں ہی ہونا چاہیے، ذرائع

کراچی (اسپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ بورڈ نے ایک مرتبہ پھر ہبرڈ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

بانی پی ٹی آئی عدالتوں سے رہا ہوں گے ایسے دھمکیوں سے نہیں

ناصر شاہ

پیسلسٹ ہے اس انتشاری ٹولے کا، نوجوان نسل کو گمراہ کیا گیا، کبھی ساتھ ابھارا گیا، اس وقت ملک میں انویسٹمنٹ آرہی ہے اور یہ دھرنے دے رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کے دھرنے ملک کے خلاف ہیں، صوبائی وزیر توانائی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر توانائی، ترقیات و منصوبہ بندی سید ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عدالتوں سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

اسلام آباد اور راولپنڈی اور اطراف کے شہروں میں کاروبار کی بندش پر ایف پی سی سی آئی کے تاجر پھٹ پڑے

جب بھی کسی غیر ملکی سربراہ کی پاکستان آمد ہوتی ہے ایسے احتجاج شروع ہو جاتے ہیں، وفاق گورنر راج لگا کر صورت حال کو قابو کرے، مرزا اختیار بیگ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اسلام آباد راولپنڈی اور اطراف کے شہروں میں کاروبار کی بندش پر ایف پی سی سی آئی کے تاجر پھٹ پڑے۔ میڈیا سے گفتگو میں صدر ایف پی سی سی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

جیکب آباد کے قریب ڈاکوؤں نے صحافی اغوا کرلیا، گاڑی اور قیمتی سامان چھین کر آزاد کردیا

جیکب آباد (اسٹاف رپورٹر) جیکب آباد کے قریب ڈاکوؤں نے صحافی اغوا کرلیا، کی گھنٹوں تک یرغمال بنا کر گاڑی اور قیمتی سامان چھین کر صحافی کو آزاد کردیا۔ آباد قاندکے حدود قومی شاہراہ پل واہے کے قریب یہ معلوم ہوا ہے کہ ڈاکوؤں نے جیکب آباد کے سینئر صحافی سید ضمیر عالم کو گاڑی سمیت اغوا کرلیا اور کئی گھنٹوں تک یرغمال بنائے رکھا۔ بعد ازاں وہ گاڑی، دو موبائل فونز، نقدی اور دیگر قیمتی سامان چھین کر صحافی کو چھوڑ دیا۔

سیاسی ٹرائل کا مقصد اقتدار پر قبضہ کو قانونی حیثیت دینا ہے، جسٹس منصور

ایسے ٹرائل کو سیاسی مخالفین کو بدنام کرنے اور سزا دینے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے، سینئر ٹرائل ملزمان کے سابق ساتھیوں سے حاصل کیے گئے بیانات پر انحصار کرتے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈاؤالقادر کی کنوینر نظریں سے جسٹس منصور علی شاہ کا اضافی نوٹ جاری کردیا گیا ہے۔ جسٹس منصور علی شاہ نے اپنے اضافی نوٹ میں لکھا کہ آمرانہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

اے پی ایم ایس او کے زیر اہتمام گورنمنٹ ڈگری پریمیئر کالج میں سیمینار کا انعقاد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹ آرگنائزیشن کلچر ڈپ کے زیر اہتمام گورنمنٹ ڈگری پریمیئر کالج میں سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں جوائنٹ انچارج اے پی ایم ایس او شرجیل بیگ مرکزی رکن رانا وحید محمد فرحان سمیت ایرا کین سندھ اسمبلی جمال احمد کرمن مسعود پرنسپل گورنمنٹ ڈگری پریمیئر کالج پروفیسر مظہر الاسلام اور طلبا طالبات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

سابق صدر عارف علوی کا کلینک سیل کرنے کا لیسن بی سی اے کا فیصلہ کالعدم، تحریری فیصلہ جاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ نے سابق صدر عارف علوی کا کلینک سیل کرنے سے متعلق تحریری فیصلہ جاری کردیا۔ عدالت نے سابق صدر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

مقامی تاجر کا بیٹا بازیاب نہ ہوسکا، لواحقین کا 12ویں روز بھی دھرنا جاری

بلوچستان اسمبلی کے سامنے دھرنے سے شہر بھر میں ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی ہے، جب تک بچہ بازیاب نہیں ہوتا دھرنا جاری رہے گا، لواحقین جاری ہے۔ اسپیریس نیوز کے مطابق متاثر تاجر کا بیٹا 12 روز سے لاپتا ہے۔ اسپیریس نیوز کے مطابق متاثر تاجر کا بیٹا 12 روز گزرنے کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

سیالکوٹ کے مختلف تعلیمی اداروں کے طلبا و طالبات کا پاک فوج کے ساتھ یادگار دن

طلبا و طالبات کو شاندار مشقوں کا عملی مظاہرہ دکھایا گیا، جنرل آفیسر کمانڈنگ نے طلبا و طالبات کے ساتھ گفتگو کی اور پاکستان کے مستقبل کے لیے طلبا کے کردار پر زور دیا

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سیالکوٹ کے مختلف تعلیمی اداروں کے طلبا و طالبات نے پاک فوج کے ساتھ یادگار دن، اس موقع پر طلبہ و طالبات نے فوجی مشقوں کا معائنہ کررہے ہیں

کراچی چڑیا گھر سے سفاری منتقلی کے دوران ہتھنی مدھو بالا زخمی

ہتھنی بہت کوششوں کے بعد کنٹینر میں داخل ہوئی، ڈاکٹر عامر خلیل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی چڑیا گھر سے ہتھنی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37) مدھو بالا کو سفاری منتقلی کے دوران ہتھنی مدھو بالا زخمی

کراچی کی تاجر برادری نے نئی ایئر لائن بنانے کا اعلان کردیا

ایئر کراچی کے نام سے نئی فضائی کمپنی کراچی کی تاجر برادری کی جانب سے بہت ہی معارف کرائی جارہی ہے، نئی ایئر لائن کے نام ایئر کراچی کو ایس ای سی پی نے بھی رجسٹرڈ کرلیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کی تاجر برادری کی جانب سے نئی ایئر لائن بنانے کا اعلان کردیا گیا۔ ایئر کراچی کے نام سے نئی فضائی کمپنی کراچی کی تاجر برادری کی جانب سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

سیالکوٹ: مختلف تعلیمی اداروں کے طلبا و طالبات کا پاک فوج کے ساتھ یادگار دن، اس موقع پر طلبہ و طالبات نے فوجی مشقوں کا معائنہ کررہے ہیں

کراچی: آئی جی سندھ غلام نبی میمن سندھ بھر میں امن و امان کی صورتحال کے حوالے سے منعقد اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

روزنامہ تشکر کراچی نیوز
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور

چیف ایڈیٹر و پبلشر علی منصور اراض طور گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریور ہیڈ یڈیس III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

پی ٹی آئی کا احتجاج اور حکومتی اقدامات

پاکستان تحریک انصاف کی طرف سے اس کے بانی عمران خان کی کال پر احتجاج کا سلسلہ دو متحرر جاری ہے۔ وفاقی وزرا نے اس احتجاج پر شدید تنقید کی ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ خدارا پاکستان کو اپنی سیاست پر فوقیت دیں۔ ملک کی موجودہ صورتحال کے حوالے سے جاری اپنے بیان میں انھوں نے سوال کیا کہ سیاسی احتجاج یا ملک کی عزت اور وقار کے ساتھ سودے کی سازش اور طیل آتحریک انصاف بار بار احتجاج کی کال لیکن ایسے وقت دیتی ہے جب اہم بین الاقوامی شخصیات پاکستان آ رہی ہوں؟ چاہے وہ 14 اکتوبر کو چینی وزیراعظم کا دورہ ہو، 15 اور 16 اکتوبر کو شنگھائی تعاون تنظیم) ایس سی او (اجلاس کے لیے ہر براہان مملکت کی آمد ہو یا اب بیلاروس کے صدر کا دورہ۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ جو بھی انتشار پھیلانے کا اسے گرفتار کرلیا جائے گا۔ غیر ملکی مہمانوں کی آمد کے موقع پر انتشار کسی صورت قابل قبول نہیں۔ حکومت دھمکیوں سے مرعوب ہونے والی نہیں ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے وفاقی کو بجائے صوبے میں امن و امان قائم کرنے پر توجہ دیں۔ غیر ملکی وفد کے راستے میں احتجاج کرنے والے مظاہرین کو پولیس نے گرفتار اور مشتعر کر دیا ہے اور ان کا روٹ کلیئر ہو گیا ہے۔ ملک میں موبائل فون سروس چل رہی ہے، حقائق تدبیر کے طور پر انٹرنیٹ کی سدکک بند کیا گیا ہے۔ اس احتجاج سے جو مالی نقصان ہوگا احتجاج کے بعد اس کی تفصیلات عوام کے سامنے رکھیں گے کہ کتنی مالی خلاق معلوم ہوں۔

اعہرا اقدار اور راولپنڈی سمیت پنجاب کے مختلف علاقوں میں پولیس کے کریک ڈاون اور پی ٹی آئی کارکنوں اور پولیس میں جھڑپوں کے دوران درجنوں افراد کو گرفتار کرلیا گیا۔ راولپنڈی میں فیض آباد انٹرچینج سے 2 سرکاری ملازمین سمیت 10 پی ٹی آئی کارکنوں کو حراست میں لے لیا گیا۔ راولپنڈی پولیس نے فیض آباد آئی جی پی روڈ پر پی ٹی آئی کارکنوں پر لاٹھی چارج کیا اور 60 کے قریب کارکنان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ آئی جی پی روڈ پر پی ٹی آئی کے 100 سے 150 کارکن موجود تھے جنھیں منتشر کیا گیا۔ دوسری جانب پی ٹی آئی رہنما کا دعویٰ ہے کہ پنجاب کے مختلف شہروں سے اب تک 490 کارکنوں اور رہنماں کو گرفتار کیا جا چکا ہے جبکہ 100 لاپتہ ہیں۔ اسلام آباد پولیس نے 300 سے زائد کارکنوں کو حراست میں لیا جبکہ پرویز خٹک نے 85 افراد پکڑ لیے۔

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے احتجاج سے متاثر ہونے والے نقصانات پر تبصرہ کرتے کہا ہے کہ احتجاج کے احتجاج کی کال سے روزانہ 190 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے۔ اگ ڈاون اور احتجاج کی وجہ سے ٹیکس وصولیوں میں کمی ہوتی ہے۔ احتجاج کے باعث کاروبار میں رکاوٹ سے برآمدات متاثر ہوتی ہیں۔ اس دوران برقرار رکھنے کے لیے سیکورٹی پر اضافی اخراجات آتے ہیں۔ آئی ٹی اور ٹیلی کام کے شعبے میں نقصانات اس کے علاوہ ہیں۔ آئی ٹی اور ٹیلی کام کی برآمد پر مبنی اڈر ہوتی اڈر ہوتی ہے۔ وزارت خزانہ نے اس سلسلے میں رپورٹ تیار کی ہے۔ جتنا اندازے کے مطابق، مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کو روزانہ 149 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے۔ بازار کے باعث برآمدات میں کمی سے روزانہ 26 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے۔ احتجاج کے دوران براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری متاثر ہونے سے روزانہ تین ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے۔ احتجاج کے باعث صوبوں کو ہونے والے نقصانات الگ ہیں۔ صوبوں کے زرعی ٹیکسز کو روزانہ 26 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے۔ صوبوں کو سگریٹ شعبے میں ہونے والا نقصان 20 ارب روپے سے زیادہ ہے۔

دوسری طرف، پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما وزیر احسن نے فیض آباد دھرنے کے بعد پہلی بار میڈیا سے بات چیت کا روزاد کھلا تھا اور کھلا ہوا ہے۔ ہم پھر سے بات چیت کی طرف جا رہے ہیں۔ لاہور اور کراچی میں تو کوئی بات کو ختم کیا ہے۔ بشریٰ بی بی کا سیاسی کردار تھا نہ ہوگا۔ بشریٰ بی بی نے حقیقی جو فیصلہ ہوگا وہ بانی پی ٹی آئی کا ہوگا۔ اگر نہ اگر اسٹرٹ شروع ہوتے ہیں اور مسائل ختم تو بہت اچھی بات ہے۔ باہر نکلنے کے علاوہ کوئی اور راستہ نکلا ہے تو اس کے لیے بھی ہم تیار ہیں۔ آئین میں پرامن احتجاج کی اجازت دیتا۔ حرای متقدرہ سے بات چیت ہونی چاہیے اور اب گے بھی ہوگی۔

عوام، اور ملک کے لیے ایک تکلیف دہ صورتحال ہے اور افسوس ناک بات یہ ہے کہ پی ٹی آئی کی قیادت اوٹ باٹ کا رزا سا بھی احساس نہیں کر رہی کی پالیسیوں اور اقدامات کی وجہ سے ملک اور عوام کو کتنے نقصان کا سامنا کر رہا رہا ہے۔ مالی نقصان کا اندازہ تو لگایا جا سکتا ہے اور اسے شاید کسی صورت میں پورا کرنے کی تدبیر بھی ہو سکتی ہے لیکن اس احتجاجی سلسلے کی وجہ سے کئی مریض اور حادثے کا شکار لوگ جان کی بازی ہار رہے ہیں، کئی گھروں میں خوشی اور غمی کی تقاریب بری طرح متاثر ہو رہی ہیں، اس سب کا ازالہ کیسے ہوا ہے گا؟ احتجاج کا یہ کون سا طریقہ ہے کہ ایک صوبے کے وسائل استعمال کر کے وفاق پر چڑھائی کر دی جائے؟ خیبر پختونخوا کے وسائل وہاں کے عوام کی امانت ہیں۔

کراچی ڈسٹرکٹ سینٹرل مدتجاوز اینکجلاف آپریشن کا فیصلہ

ڈسٹرکٹ سینٹرل میں عوام ڈینٹر، پینٹرز، پھیلوں کے ٹھیلے، سبزی کے ٹھیے اور کشہ اسٹینڈ سے ذہنی اذیت کا شکار ہیں، انہیں فوری طور پر ختم کیا جائے، ڈپٹی کمشنر سینٹرل ٹلہ سلیم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر سینٹرل ٹلہ سلیم کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ سینٹرل میں مدتجاوزات اور چناروں کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ سینٹرل کے تمام اسسٹنٹ کمشنرز، میونسپل کمشنر، ڈائریکٹرز، ڈپٹی ڈائریکٹرز، ایکٹی ایکنڈ ہوجنٹ پولیس اور دیگر افسران شریک تھے۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ سینٹرل میں مدتجاوزات اور چناروں کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں کہا گیا کہ کئی محل، ریسٹورنٹ، ہوٹل اور کھوجا زیب تھیں کہ وہ اپنی حدود سے باہر آ کر مدتجاوزات قائم کر رہے۔ ڈپٹی کمشنر سینٹرل ٹلہ سلیم نے اجلاس میں کہا کہ ڈسٹرکٹ سینٹرل میں عوام ڈینٹر، پینٹرز، پھلوں کے ٹھیلے، سبزی کے ٹھیے اور کشہ

بھی ختم کا دیا بار دائرات تھیں کیا جائے گا اور اگر کوئی بھی اکھڑ جوٹ یا افسر اگر اپنے کاموں میں کوتاہی یا غفلت برتے گا تو اس کے خلاف بھی محکمہ جاتی کارروائی کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی

شیر شاہ پولیس کی 2 مختلف مقامات پر کامیاب کارروائیاں، 2 ملزمان گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) ضلع سیاری قتایہ شیر شاہ پولیس کی دو مختلف مقامات پر کامیاب کارواٹیاں۔ منشیات فروشی میں ملوث دو ملزمان گرفتار۔ ایس ایس پی سیاری، سپکٹر (ر) فیضان علی بیل کا کارواٹی میں صدمۃ ہوئی ملزم کو 510 گرام چرس سمیت گرفتار کرا کیا۔ جبکہ دوسری کارواٹی میں دائش مدی ملزم کو 75 گرام چرس سمیت گرفتار کرا گیا۔ شیر شاہ پولیس کی دو مختلف مقامات پر کامیاب کارواٹیاں۔ منشیات فرخشی میں ملوث دو ملزمان گرفتار۔ ایس ایس پی سیاری، سپکٹر (ر) فیضان علی بیل کا کارواٹی میں صدمۃ ہوئی ملزم کو 510 گرام چرس سمیت گرفتار کرا گیا۔ جبکہ دوسری کارواٹی میں ملزم کو 75 گرام چرس سمیت گرفتار کرا گیا۔ ملزمان کو ایس ایچ او تھانہ شیر شاہ سب انسپکٹر بھائی خان کی سربراہی میں پولیس پارٹی نے کارواٹیاں کرتے ہوئے گرفتار کیا۔ ملزمان کے خلاف ایشی نارکوٹکس ایکٹ کے تحت مقدمات درج کے مزید تفتیش کی جا رہی ہے۔

چیف سیکریٹری سندھ کی غیر قانونی پوست کی کاشت کے خلاف کارروائی کا حکم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ کی زیر صدارت غیر قانونی پوست کی کاشت کے حوالے پر ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی جی پولیس ظفر نیمی سید، سیکریٹری ایکسائز محمد سلیم راجپوت، سیکریٹری زراعت سہیل احمد قریشی، ریگیلیٹر عمر فاروق (کنائر اے این ایف) اور انسداد منشیات فورس (اے این ایف)، سندھ ہیلتھ، سندھ بنجرز اور صحتی انتظامیہ، دیگر اعلیٰ عہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس میں انسداد منشیات فورس کے عہدیدار بریگیڈیئر عمر فاروق نے آگاہی کر 2022 میں 35.5 ٹائز 2023 میں 61 ٹائز اور رواں سال 64 ٹائز پوست کی کاشت کی گئی، بتایا گیا ہے کہ 64 ٹائز پوست کی قیمت تقریباً 650 ملین روپے ہے، جو اس غیر قانونی کاشت کے خاتمے کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ سندھ میں پوست کی کاشت کے خلاف جامع آپریشن شروع کیا جائے گا۔ اس آپریشن میں انسداد منشیات فورس، سندھ پولیس اور محکمہ زراعت کے مشترکہ اقدامات شامل ہوں گے۔ چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ نے منشیات پر زور دیا، جن میں موبائل سنلاتھ پوش، موٹر سائیکلیں اور فریکنڈ شامل ہیں تاکہ شرشار کردار علاقوں اور دور دراز مقامات کے مسائل کو حل کیا جا سکے۔ اس کے علاوہ عوامی آگاہی مہم بھی شروع کی جائے تاکہ کیمیکل ٹیکنیکم دی جا سکے اور کسانوں کو متبادل فصلیں اپنانے کی ترغیب دی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت سندھ غیر قانونی پوست کی کاشت کے خاتمے اور سندھ میں پائیدار زرعی ترقی کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔

چیئرمین لیاقت آباد ٹاؤن فراز حسیب کی زیر صدارت کونسل کا اجلاس



کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین لیاقت آباد ٹاؤن فراز حسیب کی وائس چیئرمین اسحاق تیموری کی ہمراہ ٹاؤن میڈیکل کارپوریشن کے اجلاس کی صدارت۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ اجلاس میں گزشتہ اجلاس کی روداد کی منظوری کے ساتھ مختلف قراردادیں پیش کی گئی، جس میں ٹاؤن میونسپل کارپوریشن لیاقت آباد میں میونسپل ہسپتال کے اختیارات ٹاؤن میونسپل کمشنر کو منتقل کرنے کا فیصلے پر بات ہوئی اور لیاقت آباد کی حدود میں دیوانی و فوجداری مقدمات کے سلسلے میں جناب اختر حسین ایڈوکیٹ ہائی کورٹ (12/ملحا) توسیع کی درخواست کو عارضی بنیاد پر قانونی مشیر مقرر کرنے کی منظوری۔ اجلاس میں لیاقت آباد ٹاؤن کی یونین کونسل نمبر 4 میں شعیب بخاری، ایڈمنسٹریٹر کی تعیناتی کا فیصلہ کیا گیا، اجلاس میں پیش کی گئیں تمام قراردادوں اتفاق رائے سے منظور کی گئیں۔ اس موقع پر چیئرمین فراز حسیب نے کہا کہ مرحوم وہلد ولی قیادت لیاقت آباد ٹاؤن کی تعمیر و ترقی کے لئے کوشاں ہے، ہم اپنے محدود وسائل کو استعمال کرتے ہوئے عوام کو مکمل سہولتیں فراہم کر رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ لیاقت آباد ٹاؤن میں تعمیر و ترقی کا سفر جاری ہے، ہم نے اب تک 15 پارکس اور دو اسپورٹس کمپلیکس بنا ہے جس میں سیوریج اور پانی کی فراہمی کمپلیکس بنائی سڑکوں کو انٹیگریٹ کیا گیا ہے تاہم حال لیاقت

آباد کو بدل کر رکھ دیا ہے۔ اجلاس کے اختتام پر چیئرمین فراز حسیب نے ڈائریکٹر کنٹرول عبدالوہیم کی والدہ محترمہ کے انتقال پر اپنے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور مرحومہ کی مغفرت کے لئے دعا کی گئی۔ اجلاس میں رائین ٹاؤن کونسل، کوآرڈینیٹر ڈائریکٹر انجینئرنگ عبدالوہیم، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن فیض احمد، ڈائریکٹر پارکس ریحان جمالی، ڈائریکٹر الیکٹریکل محمد اصغر، ڈائریکٹر ایڈوکیٹ مظہر امام، چیف ڈائریکٹر پارک محمد فہیل، ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن لیاقت و دیگر بلدیاتی افسران نے شرکت کی۔

موٹر سائیکل چھیننے والے میاں بیوی کے بعد بائیک لفٹنگ میں ملوث ماں بیٹا سمیت 6 ملزمان گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) موٹر سائیکل چھیننے والے میاں بیوی کے بعد شیر قائد میں موٹر سائیکل لفٹنگ میں ملوث ماں بیٹا سمیت 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ گلشن معمار پولیس نے موٹر سائیکل لفٹنگ میں ملوث ماں بیٹے سمیت 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔ ان گینگ میں 14 موٹر سائیکلز، 7 کلیئر ٹیشنز، 9 انجن اور دیگر چوری شدہ پارٹس برآمد کر لیے۔ کے چوری شدہ 110 سی سی 125 سی سی اور 150 سی سی موٹر سائیکلز 12 سے 15 ہزار میں خرید کر

ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوفی کے مطابق گرفتار ملزمان میں 10 سالہ بچہ شاہ زیب ولد اسد اللہ اور ولد ونیب زعید اسداللہ، حماد ولد غلام سرور، جلال ولد غلام سرور، رئیس صوف رئیس ولد حاجی خدا بخش اور محمد انس ولد محمد منیم شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ گرفتار ملزمان سے 14 موٹر سائیکلز، 7 کٹے ہوئے چیسز، 9 انجن اور دیگر چوری شدہ پارٹس برآمد کر لیے گئے ہیں۔ گرفتار 10 سالہ ملزم شاہزیب موٹر سائیکلز چوری کرتا ہے۔ ملزمان حماد، جلال اور رئیس چوری شدہ موٹر سائیکلز کا اسٹور کرتے اور کھولتے تھے۔ ان سے 25 ہزار میں فروخت کرتے تھے۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے برآمد ہونے والے سامان کی مزید معلومات انھی کی جا رہی ہیں۔ ساتھ ہی گرفتار ملزمان سے تفتیش بھی جاری ہے۔ مزید گرفتاری کارروائی کے لیے گرفتار ملزمان کو اے وی ٹی ایس کے حوالے کیا جائے گا۔ یاد رہے کہ سائٹ سپر پانی و پولیس نے موٹر سائیکل لفٹنگ میں ملوث میاں بیوی کو بھی گرفتار کیا ہے۔ ملزم محمد انس اور اس کی بیوی کو بھی گھر کے قبضے سے اسلحہ اور نقدی برآمد کر لی گئی۔

اے وی ایل سی، سی آئی اے، کراچی کی کارروائی، ہنڈا سٹی اور ہنڈا فٹ ہائی برڈ برآمد

کراچی (کرائم رپورٹر) اے وی ایل سی، سی آئی اے، کراچی کی ایک اور کارروائی۔ محمد بی سوسائٹی اور سی پی برار سوسائٹی دھورائی اسدی سٹاک ہنڈا فٹ ہائی برڈ رجسٹریشن نمبر ALU-674 اور ہنڈا فٹ حالی برڈ رجسٹریشن نمبر AYZ-276 علاقہ تھانہ بہادر آباد سے چوری کر کے فرار ہو گئے تھے۔ اے وی ایل سی نے مذکورہ

دونوں کاروں کو ایک ہی دن میں برآمد کر کے اصل مالکان کے سپرد کر دیا۔ مدعیان نے اپنی چوری کی گئی کاروں کی برآمدگی پر ایس ایس پی، اے وی ایل سی اور آپریشن میں شامل تمام ٹیموں کا بعد شکریہ ادا کیا۔

سنی تحریک کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ کیماڑی، ماڑی پور ٹاؤن اور محمدی کالونی میں تربیتی نشست

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرکزی صدر پاکستان سنی تحریک انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری نے ڈسٹرکٹ سیاری ماڑی پور جان محمدی کالونی میں پاکستان سنی تحریک کے زیر اہتمام منعقدہ تربیتی نشست میں خصوصی شرکت کی۔ تربیتی نشست میں عوام اہلسنت دھمدھان و کارکنان پاکستان سنی تحریک نے بھرپور شرکت کی۔ ثروت اعجاز قادری نے اپنے خطاب میں مزید کہا کہ ملک کی موجودہ صورتحال میں ہمارے

نے ترتیق نشست میں خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دین اسلام ہمیں ہر چیز کی وضاحت موجود ہے۔ غریضعف کی تربیت تین مراحل میں ہوتی ہے گھر مدرسہ اسکول اور دست اجوابہ مگر اسلامی تعلیمات کے ذریعے انسان ہر اچھے برے کی تمیز کر سکتا ہے۔ ہمیں اپنی نسلوں کی تربیت اس طرح کرنی ہے کہ وہ دین اسلام کے کاروان میں شامل ہو کر اسلام اور دین کو اولین ترجیح دیں۔ دنیا میں رہنے کے لیے بھی انسان کو تربیت کی ضرورت ہوتی ہے۔ جب کوئی شخص گھر سے کام کے لیے جاتا ہے تو ڈرائی ہی بات کرتا ہے پھر کام کے لیے جاتا ہے تو ڈرائی ہی بات کرتا ہے اور اپنے ڈرائیور کو کھولتا اور سامنی ملزمان ایپن فروخت کرتے ہیں۔ گرفتار خاتون ضرب لنب اور مدوم محمد انسی کی زوجی شدہ موٹر سائیکل کو حب بلوچستان کے کو جاتے اور فروخت کرتے تھے۔ ایس ایس پی نے بتایا کہ گرفتار ملزمہ اور مدوم کے مطابق چوری شدہ 70 سی سی موٹر سائیکلز 4 سے 5 ہزار میں خرید کر حب لے جاتے اور 11 سے 12 ہزار میں فروخت کرتے تھے جب کہ چوری شدہ 110 سی سی 125 سی سی اور 150 سی سی موٹر سائیکلز 12 سے 15 ہزار میں خرید کر حب

سنی تحریک کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ کیماڑی، ماڑی پور ٹاؤن اور محمدی کالونی میں تربیتی نشست

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرکزی صدر پاکستان سنی تحریک انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری نے ڈسٹرکٹ سیاری ماڑی پور جان محمدی کالونی میں پاکستان سنی تحریک کے زیر اہتمام منعقدہ تربیتی نشست میں خصوصی شرکت کی۔ تربیتی نشست میں عوام اہلسنت دھمدھان و کارکنان پاکستان سنی تحریک نے بھرپور شرکت کی۔ ثروت اعجاز قادری نے اپنے خطاب میں مزید کہا کہ ملک کی موجودہ صورتحال میں ہمارے

تھانہ کورنگی پولیس کا لنک روڈ سیکٹر 35A کے قریب ڈکیتوں سے مقابلہ

کراچی (کرائم رپورٹر) ایس ایچ او کورنگی ہمراہ انچارج غریب آباد پولیس چوکی اور ملازمان کا دوران چیکنگ ملزمان سے آمنا سامنا۔ دو ملزمان مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ دیا، موٹر سائیکل سوار ملزمان فرار ہونے کیلئے پولیس پر فائرنگ، پولیس کی جوابی فائرنگ سے دونوں ملزمان زخمی حالت میں گرفتار، زخمی ملزمان کی شناخت راحیل اور دانش کے نامون سے ہوئی، ملزمان کا علاقہ میں درجنوں وارداتوں میں ملوث ہونے کا انکشاف، ملزمان کے قبضے سے اسلحہ 2 بور پستول 8 چھینے ہوئے موبائل فونز اور نقد رقم 11000 برآمد۔ ملزمان سے برآمد موٹر سائیکل کا رکیا رابطہ کیا جا رہا ہے۔ ذیشی ملزمان کیلئے امداد کیلئے اپنتال منتقل کر دیا گیا، ملزمان کے خلاف پولیس مقابلہ اور سنداد آرمز ایکٹ کی دفعات کے تحت مقدمات درج ہے۔

واٹر کارپوریشن میں گریڈ 16 تا گریڈ 20 کے افسران کیلئے تقریب حج قرعہ اندازی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) واٹر کارپوریشن میں گریڈ 16 تا گریڈ 20 کے افسران کے لیے حج قرعہ اندازی تقریب امم ڈی کیٹریٹ کا راساز میں منعقد ہوئی قرعہ اندازی میں 5 خوش نصیب افسران حج سعادت کے لیے کامیاب ہوئے تقریب کے مہمان خصوصی سی او اور واٹر کارپوریشن انجینئر اسداللہ خان اور صدر انجینئرز و آفیسرز ایسوسی ایشن ندیم احمد کرمانی تھے تقریب میں محمد عاقب سید مردار شاہ اور محمد فہیم الدین کو ملی گیرائیوں سے میارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ واٹر کارپوریشن کے انتظامیہ اپنے افسران و ملازمین کے لیے کام کرنا چاہتی ہے اور اس ضمن میں انتظامیہ کی جانب سے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں کیونکہ ملازمین ہمارا اثاثہ ہے انہوں نے کہا ہمریں کورانی ہی اور دفاتی آب پی

انور مقصود اور انکی اہلیہ نے معین اختر کی یادیں تازہ کردیں



کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستانی پپٹری مصنف، مزاح نگار اور میزبان انور مقصود اور ان کی اہلیہ محترمہ نوشابہ نے معاشی شہرت یافتہ پپٹیر و فنکار مرحوم معین اختر کی یادیں تازہ کر دیں۔ حال ہی میں ان باصلاحیت جوڑی نے ٹی وی ٹیپ چینل کو انٹرویو دیا، جہاں انہوں نے ماضی کے حالات، مرحوم باصلاحیت اداکار معین اختر حسین اور مختلف امور پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے ایک انٹرویو انور مقصود نے ماضی کا ایک دلچسپ قصہ سنایا ہوئے کہا کہ ہم کم پر موجود تھے ہوتے تب بھی معین بتایا کہ لوگ اپنے سوال کرتے تھے کہ اپنے چاہتے اور معین کو ہم ایک ساتھ شوٹ کرتے ہیں کیونکہ ان کی لطروں سے میرکی ویڈیو بھگیہ کرنا ہوتا ہے جس میں انہوں نے مجھی حالات پر تبصرہ کر رہے ہوتے ہیں اور لوگ کہتے ہیں کہ یہ تو پہلے چلے نکلتے کی بات بھی۔ انورمقصود نے اپنے چلے بھگیہ جانے کے بعد طلازمین جب سے بیاں آتے اور سوال کرتے کہ معین کہاں ہیں؟ تو ہم کہتے



سے ہوئی۔ گرفتار خاتون فلائٹ نمبر XY312 کے ذریعے سعودی عرب سے پاکستان پہنچیں، ابتدائی تفتیش کے مطابق مسافر خواتین کو شرشد 3 ماہ سے سعودی عرب مقیم تھیں۔ خواتین ملزمان سعودی عرب

میں ملوث ہونے کے شبوت بھی برآمد ہوے۔ گرفتار مسافر خواتین کو مزید قانونی کارروائی کے لیے انسداد انسانی سمگلنگ سرکل کراچی منتقل کر دیا گیا ہے، مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 1

بلک کے ٹرانس پاکستان کیریکٹر اسٹیٹ کے بانی عمران خان نے جیل سے پیغام کہا کہ مجھے افسوس ہے کہ جو ٹرائل کی دھمکیاں دیتے ہوں وہ ہمارے لیے پیغام کہہ کر جو کرنا ہے کریں گے جیسے جیسے ہمیں پتہ چلتا ہے ہمیں کہا کہ جو کرنا ہے کر لو ہم کیس لڑیں گے جس کیس کا ہمیں پتہ چلتا ہے ہم کیس لڑیں گے ہم کیس لڑیں گے اس کے علاوہ کیا کہہ سکتے ہیں ہم کیس لڑیں گے ہم کیس لڑیں گے ہم کیس لڑیں گے